اپریل 2021 | M.Ed Regular (ایم۔ایڈ (ریگولر | پہلا سمسٹر I Semester

Paper : MMED113CCT: Introduction to Education Research

پرچہ : تعلیمی تحقیق کا تعارف

Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے | جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) درج ذیل میں سے ہم رشتگی (correlation) کے لیے کیا لازمی ہے؟

a) ایک Variable   b) دو Variables

c) ایک variable کی دو categories   d) دو variables کی دو categories

(ii) اگر دو تغیرات کے معطیات (Data) تعداد (Frequencies) کی شکل میں ہیں اور ان کے درمیان تعلق معلوم کرنا ہو تو ذیل میں سے کون سی شماریاتی تکنیک کا استعمال کیا جائے گا؟

a) Spearman   b) Chi Square   c) Mann Whitney   d) Wilcoxon

(iii) ایم ایڈ کی سطح پر کیے جانے والے Dissertation کی تحریر ذیل میں سے کس کے مماثل ہوتی ہے؟

a) Project Writing   b) Seminar Writing   c) Workshop Writing   d) Thesis Writing

(iv) Variable وہ ہے جو ۔۔۔۔۔۔۔؟

a) کبھی کبھی تبدیل ہو   b) کبھی نہ تبدیل ہو   c) ہمیشہ تبدیل ہو   d) شخص، وقت اور مقام کے لحاظ سے تبدیل ہو

(v) Snowball ایک تکنیک ہے:

a) نمونہ بندی کی   b) شماریات کی   c) تحقیقی خاکہ کی   d) تجزیہ کی

(vi) درج ذیل میں سے کون سی خصوصیات تحقیق کی نہیں ہے؟

a) Process   b) Systematic   c) Solution Oriented   d) Verification

(vii) کسی تحقیق کے معیار کا اندازہ ذیل میں سے کس کے ذریعے کر سکتے ہیں؟

a) عنوان b) تکمیل میں لگا وقت c) مقاصد d) تکمیل میں صرف کی گئی رقم

(viii) کسی تحقیق کے نتائج کی صداقت (Authenticity) اس کی ------ ہے؟

a) معقولیت b) معروضیت c) اصلیت d) افادیت

(ix) ذیل میں سے کون سا تحقیق کا طریقہ نہیں ہے؟

a) مشاہداتی b) سروے c) تاریخی d) فلسفیانہ

(x) ایک تحقیق کار بی ایڈ کے طلباء کے مسائل دریافت کرنا چاہتا ہے، اسے درج ذیل میں سے کون سا آلہ استعمال کرنا چاہیے؟

Rating Scale (a Check List (b Questionnaire (c Test (d

حصہ دوم

2. تعلیمی تحقیق کا مفہوم اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔ اس کے مقاصد اور وسیع دائروں کی وضاحت کیجیے۔

3. مختلف النوع متغیرات (Variables) کی درجہ بندی پیش کیجیے۔

4. ہم رشتگی (Corelation) سے کیا مراد ہے؟ یہ کتنے اقسام کی ہوتی ہے؟ اس کے نتائج کی وضاحت کیسے کی جاتی ہے؟

5. ایک اچھے آلے کی خصوصیات بیان کیجیے۔

6. مرکزی فطرت کی پیمائش (Measures of Central Tendency) کا کیا مطلب ہے؟ منظّم معطیات (Grouped Data) سے وسطانیہ معلوم کرنے کا طریقہ بیان کیجیے۔

7. متعلقہ مواد (Related Literature) سے کیا مراد ہے؟ اس کے مختلف ذرائع کی مختصراً وضاحت کیجیے۔

8. نمونہ بندی کا تصور بیان کیجیے۔ امکانی (Random) اور غیر امکانی (Non-random) نمونہ بندی کے درمیان کیا فرق ہے؟

9. متغیرات کی پیمائش کی سطحیں (Levels of Measurement for Variables) کون کونسی ہیں؟ ان کی وضاحت معہ مثال کیجیے۔

حصہ سوم

10. تعلیمی تحقیق کی مختلف اقسام کا موازنہ معہ مثال پیش کیجیے۔

11. مفروضہ کیا ہے؟ کسی ایک خیالی تحقیقی مسئلے کا انتخاب کر کے اس کے مقاصد، متعلقہ مفروضات اور ان مفروضات کی جانچ کے لیئے مناسب شماریاتی تکنیک تجویز کیجیے۔

12. تجرباتی تحقیق کا مفہوم، نوعیت، خصوصیات اور اقسام کی وضاحت کیجیے۔

13. عام احتمالی (امکانی) خط منحنی (NPC) سے کیا مراد ہے؟ اس کی خصوصیات اور اطلاق معہ خاکہ واضح کیجیے۔

14. ٹیسٹ کسے کہتے ہیں؟ اس کی تشکیل کے مختلف مراحل واضح کیجیے۔

☆☆☆